# گنتی کی کتاب کا خاکہ

(خداوند نے۔۔۔سے کہا: نمبر ۱-۴۴ تک)

## گنتی ۱-۱۳: سینا کے بیابان سے قادس تک

۱۔ ۱:۱ مصر سے نکل آنے کے دوسرے برس کے دوسرے مہینے کی پہلی تاریخ کو سپاہیوں کو گننے کا حکم: تعداد ہے ۶۰۳۵۵۰۔

۲۔ ۱:۴۸ لاوی سپاہی نہیں بلکہ شہادت کے مسکن کے خادم ہیں۔

۳۔ ۲:۱ خیمہ اجتماع کے مشرق میں: یہوداہ اور اشکار اور زبولون،
جنوب میں: روبن اور شمعون اور جد،
مغرب میں افرائیم اور منسی اور بنیمین،
شمال میں دان اور آشر اور نفتالی۔

۴۔ ۳:۵ لاوی خیمہ اجتماع کے آگے ہارون کی خدمت کرتے ہیں۔

۵۔ ۳:۱۱ خداوند نے لاویوں کو پہلوٹھوں کے بدلے لے لیا ہے۔

۶۔ ۳:۱۴ لاوی کے آبائی خاندان اور ان کی خدمت

۷۔ ۳:۴۴ اسرائیل کے سب پہلوٹھوں کے بدلے لاویوں کو۔۔۔لے اور لاوی میرے ہوں۔

۸۔ ۴:۱ قہاتی تیس برس سے لیکر پچاس برس کی عمر تک پاکترین چیزوں کی خدمت میں مصروف ہیں۔

۹۔ ۴:۱۷ ہارون اور اس کے بیٹے قہاتیوں کی راہنمائی کریں تا نہ ہو کہ وہ مر جائیں۔

۱۰۔ ۴:۲۱ جرسونی تیس برس سے لیکر پچاس برس کی عمر تک پردہ اور غلاف اٹھایا کرتے ہیں۔ مراری تیس برس سے لیکر پچاس برس کی عمر تک تختے اور بینڈے اور ستون اٹھایا کرتے ہیں۔ موسیٰ نے لاویوں کو تیس برس سے لیکر پچاس برس کی عمر تک گنا (۸۵۸۰)

۱۱۔ ۵:۱ ناپاکوں کو لشکرگاہ سے باہر ہونے چاہیئے کیونکہ خدا وہاں رہتا ہے۔

۱۲۔ ۵:۵ قصوروار کو ۱۲۰٪ واپس کرنا ہے اور کاہن سے کفارہ کے مینڈھے کو بھی دینا ہے۔

۱۳۔ ۵:۱۱ غیرت کی قربانی یادگاری کی نذر کی قربانی ہے جس سے گناہ یاد دلایا جاتا ہے۔

۱۴۔ ۶:۱ نذیر کے لئے شرع

۱۵۔ ۶:۲۲ ہارون کی برکت۔

۷:۱-۸۹ بارہ قبیلوں کے رئیس مسکن مقدس کرنے پر نذرانہ لائے۔

۱۶۔ ۸:۱ ساتوں چراغوں کی روشنی شمعدان کے سامنے ہو۔

۱۷۔ ۸:۲۳ لاویوں کی خدمت پچیس برس سے لیکر پچاس برس تک جاری ہوتی ہے۔

۱۹۔ ۹:۱ دوسرے سال کی عید فسح (پہلے مہینے کی ۱۴ تاریخ)

۲۰۔ ۹:۹ دوسرے مہینے کی ۱۴ تاریخ کی عید فسح

۲۱۔ ۱۰:۱ چاندی کے دو نرسنگے عید اور لڑائی کے لیے پھونکے جاتے ہیں۔

۱۰:۱۱-۳۶ دوسرے سال کے دوسرے مہینے کی بیسویں تاریخ کو بنی اسرائیل دشت سینا سے رخصت ہوئے۔

۱۱:۱-۳۵ تبعیرہ میں لوگوں کا بڑبڑانا۔ موسیٰ کے لئے ۷۰ مددگار۔ ایک مہینہ تک بٹیروں کا گوشت۔ قبروت ہتاوہ میں آفت۔

۱۲:۱-۱۶ حصیرات میں مریم اور ہارون موسیٰ کی بدگوئی کرنے لگے۔ مریم کوڑھ سے سفید ہوگئی۔ اس کے شفا پانے کے بعد فاران تک سفر۔

۲۲۔ ۱۳:۱ قادس سے بارہ جاسوس کنعان کو دریافت کرنے کے لئے بھیجے گائے۔ ۴۰ دن کے بعد ان کی واپسی۔

## گنتی ۱۴-۳۶ قادس سے یردن تک

۲۳۔ ۱۴:۲۶ چالیس برس تک تم اپنے گناہوں کا پھل پاتے رہو گے۔

۲۴۔ ۱۵:۱ نذر کی قربانی اور تپاون کے بارے میں

۲۵۔ ۱۵:۱۷ پہلے گوندھے ہوئے آٹے میں سے اٹھانے کی قربانی

۱۵:۲۲-۳۱ سہواً خطا کرنے کے لئے کفارہ۔ بے باکی سے گناہ کرنے کی سزا۔

۱۵:۳۲-۳۶ سبت کا حکم توڑنے کی سزا

۱۵:۳۷-۴۱ جھالر لگانے کا مقصد ہے: احکام پر عمل کرنا۔

۱۶:۱-۱۹ قورح اور ۲۵۰ اہم لوگوں کی بغاوت

۲۶۔ ۱۶:۲۰ تم اپنے آپکو اس جماعت سے بالکل الگ کرلو تاکہ میں انکو ایک پل میں بھسم کردوں۔ موسیٰ اور ہارون کی شفاعت۔

۲۷۔ ۱۶:۲۳ تم قورح اور داتن اور ابیرام کے خیموں کے آس پاس سے دور ہٹ جاؤ۔ باغیوں کی سزا۔

۲۸۔ ۱۶:۳۶ باغیوں کے بخوردانوں کے پیٹ پیٹ کر پتر بنائے گائے تاکہ وہ مذبح پر نشان کے طور پر منڈھے جائے۔

۲۹۔ ۱۶:۴۵ تم اس جماعت کے بیچ سے ہٹ جاؤ تاکہ میں انکو ایک پل میں بھسم کرڈالوں۔

ہارون نے اپنا بخوردان لے کر انکے لئے کفارہ دیا۔

۳۰۔۱۷:۱ ہارون کی لاٹھی میں کلیاں پھوٹیں۔ وہ چنا ہوا سردار کاہن ہے۔

۱:۱۸-۷ ہارون اور اسکے بیٹے مقدس اور مذبح کی خدمت میں مصروف ہیں۔ لاوی انکی خدمت کرتے ہیں۔

۳۱۔۸:۱۸ ہارون کو قربانیوں میں سے خاص حصے دیئے گئے ہیں۔

۳۲۔۲۵:۱۸ لاوی اسرائیل سے دہ یکی لیتے ہیں اور پھر خود ہارون کو دہ یکی دیتے ہیں۔

۳۳۔۱:۱۹ ناپاکی دور کرنے کا پانی

۱:۲۰-۶ پہلے مہینے میں بنی اسرائیل دشت صین میں آگئے اور قادس میں رہنے لگے اور مریم نے وہاں وفات پائی۔ مریبہ کے چشمہ کے پاس موسیٰ کا گناہ.

۳۴۔۷:۲۰ اسلئے موسیٰ اور ہارون اسرائیل کو ملک میں نہیں پہنچانے پائینگے۔

۱۴:۲۰-۲۱ ادوم نے اسرائیل کو گذرنے کا راستہ دینے سے انکار کیا۔

۲۲:۲۰-۲۹ ہارون نے کوہ ہور پر وفات پائی۔

۲۲:۲۰-۲۹ جنوب میں عراد کے کنعانی بادشاہ پر فتح۔

۴:۲۱-۹ موسیٰ نے پیتل کا ایک سانپ بنوا کر اسے بلی پر لٹکا دیا۔

۱۰:۲۱-۲۰ اوبوت میں اور عییے عباریم میں اور وادی زرد میں اور ارنون سے پار ہو کر بیابان میں اور بیر میں اور متنہ میں اور نحلی ایل میں اور بامات میں اور اس وادی میں جو موآب کے میدان میں ہے۔

۲۱:۲۱-۳۵ اموریوں کے بادشاہ سیحون اور بسن کے بادشاہ عوج پر فتح

۲۲-۲۴ موآب کے بادشاہ بلق نے بلعام کو اسرائیل پر لعنت کرنے کے لئے بلایا لیکن بلعام نے ان کو برکت ہی برکت دی۔

۱:۲۵-۹ اسرائیل کی بعل فغور کے ساتھ بت پرستی، فینحاس کی خداوند کے لئے غیرت۔

۳۵۔۱۰:۲۵ خداوند نے فینحاس سے عہد باندھا یعنی کہانت کا دائمی عہد۔

۳۶۔۱۶:۲۵ مدیانیوں کو سزا دینا ہے۔

۱:۲۶-۵۱ پھر سپاہیوں کو گننے کا حکم: تعداد ہے ۶۰۱۷۳۰۔

۳۷۔۵۲:۲۶ ان ہی کو انکے ناموں کے شمار کے موافق وہ زمین میراث کے طور پر بانٹ دی جائے۔

۵۷:۲۶-۶۵ لاویوں کی تعداد جتنے ایک مہینہ اور اس سے اوپر گنے گئے: ۲۳۰۰۰۔

۱:۲۷-۱۱ صلافحاد کی بیٹیاں میراث کا حصہ حاصل کرتی ہیں۔

۱۲:۲۷-۲۳ موسیٰ کے بعد یشوع اسرائیل کی راہنمائی کریگا۔

۳۸۔۱:۲۸-۴۰:۲۹ روزانہ اور سالانہ قربانیاں

۱:۳۰-۱۶ منت اور قسم کو پورا کرنے کا فرض

۳۹۔۱:۳۱ مدیانیوں سے انتقام لینا اور لوٹ کے مال کو تقسیم کرنا۔

۳۲ روبن اور جد اور آدھے منسی کی میراث یردن کے پار ملی۔

۱:۳۳-۴۹ اسرائیل کی منزلوں کی فہرست

۴۰۔۵۰:۳۳ ملک کے سب باشندوں کو وہاں سے نکال دینے کا حکم۔

۴۱۔۱:۳۴ ملک کنعان کی حدود

۴۲۔۱۶:۳۴ ملک کو میراث کے طور پر بانٹنے والوں کی فہرست

۴۳۔۱:۳۵ لاویوں کے لئے ۴۸ شہر مقرر کئے جائینگے۔

۴۴۔۹:۳۵ لاویوں کے شہروں میں سے ۶ پناہ کے شہر ہونگے: جس کسی سے سہواً خون ہو جائے وہ وہاں بھاگ کر جا سکے۔ اس ملک کو جسکے اندر میں رہونگا گندہ بھی نہ کرنا۔

۳۶ صلافحاد کی بیٹیاں جنکو پسند کریں ان ہی سے بیاہ کریں لیکن اپنے باپ دادا کے قبیلہ ہی کے خاندانوں میں بیاہی جائیں۔

| قبیلہ | نمبر | گنتی۱ | گنتی۲۶ | فرق |
|---|---|---|---|---|
| جنوب | | | | |
| روبن | (۷/۹) | ۴۶۵۰۰ | ۴۳۷۳۰ | -۲۷۷۰ |
| شمعون | (۱۲/۳) | ۵۹۳۰۰ | ۲۲۲۰۰ | -۳۷۱۰۰ |
| جد | (۱۰/۸) | ۴۵۶۵۰ | ۴۰۵۰۰ | -۵۱۵۰ |
| مشرق | | | | |
| یہوداہ | (۱/۱) | ۷۴۶۰۰ | ۷۶۵۰۰ | +۱۹۰۰ |
| اشکار | (۳/۵) | ۵۴۴۰۰ | ۶۴۳۰۰ | +۹۹۰۰ |
| زبولون | (۴/۴) | ۵۷۴۰۰ | ۶۰۵۰۰ | +۳۱۰۰ |
| مغرب | | | | |
| افرائیم | (۱۰/۸) | ۴۰۵۰۰ | ۳۲۵۰۰ | -۸۰۰۰ |
| منسی | (۱۲/۶) | ۳۲۲۰۰ | ۵۲۷۰۰ | +۲۰۵۰۰ |
| بنیمین | (۱۱/۷) | ۳۵۴۰۰ | ۴۵۶۰۰ | +۱۰۲۰۰ |
| شمال | | | | |
| دان | (۲/۲) | ۶۲۷۰۰ | ۶۴۴۰۰ | +۱۷۰۰ |
| آشر | (۹/۵) | ۴۱۵۰۰ | ۵۳۴۰۰ | +۱۱۹۰۰ |
| نفتالی | (۶/۸) | ۵۳۴۰۰ | ۴۵۴۰۰ | -۸۰۰۰ |